شرح احادیثِ خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم

یعنی

اشرف الکلام

یث مبارکہ کی نادر تشریحات اور بصیرت افروز
قات حضرت تھانویؒ کے منفرد اسلوب میں
د کلام مسائل و احکام فقہ و تصوف کے جواہر ریزے

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

احادیث مبارکہ کی ایسی عجیب و غریب دل نشین شرح جس کو
شیخ المحدثین حضرت مولانا ظفر احمد عثمانیؒ سن کر وجد کرتے تھے

جمع و ترتیب
محترم محمد اقبال قریشی صاحب مدظلہ

اِدارہ اِسلامیات
پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

شرح

احادیثِ خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم

یعنی

اشرف الکلام

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

احادیث مبارکہ کی نادر تشریحات اور بصیرت افروز
تحقیقات حضرت تھانویؒ کے منفرد اسلوب میں
عقائد و کلام مسائل و احکام فقہ و تصوف کے جواہر ریزے

احادیث مبارکہ کی ایسی عجیب و غریب دل نشین شرح جس کو
شیخ المحدثین حضرت مولانا ظفر احمد عثمانیؒ سن کر وجد کرتے تھے

جمع و ترتیب > محترم محمد اقبال قریشی صاحب مدظلہ

ادارہ اسلامیات
پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

شرح

احادیثِ خیر الانام ﷺ

یعنی

اشرف الکلام

(جدید اضافہ شدہ ایڈیشن)

اشاعت دوم: رمضان المبارک ۱۴۲۴ھ نومبر ۲۰۰۳ء

باہتمام : اشرف برادران سلمہم الرحمن

ادارہ اسلامیات پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

۱۴- دینا ناتھ مینشن، مال روڈ، لاہور فون ۷۳۵۳۳۶۲ فیکس ۷۳۵۳۷۸۵-۴۲-۹۲+
۱۹۰- انارکلی، لاہور- پاکستان......فون ۷۲۲۳۹۹۱-۷۳۵۳۲۵۵
موہن روڈ، چوک اردو بازار، کراچی- پاکستان....فون ۷۷۲۲۴۰۱

ملنے کے پتے
ادارۃ المعارف، جامعہ دار العلوم، کورنگی، کراچی نمبر۱۴
مکتبہ دار العلوم، جامعہ دار العلوم، کورنگی، کراچی نمبر۱۴
ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ، چوک لسبیلہ، کراچی
دار الاشاعت، اردو بازار، کراچی نمبر۱
بیت القرآن، اردو بازار، کراچی نمبر۱
بیت العلوم، نابھہ روڈ، لاہور

اور وہ سوار ہونے لگے۔ ہا تھ مارنا یہ قرینہ اس کا ہے کہ یہ فعل تصرف ہے مگر سنت[1] نہیں۔ سنت وہ ہے جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مواظبت فرمائی ہو۔

(تطہیر الاعضاء صـ۶)

۸۳۔ لفظ آل کا مفہوم

فرمایا: اولادِ حقیقی بھی جب ہی اولاد ہوتی ہے کہ اتباع کرے۔ چنانچہ ارشاد ہے: مَنْ سَلَكَ طَرِيقِي فَهُوَ اَهْلِي یعنی جو میرے طریقے پر چلا وہ میری اولاد ہے۔ بعض نے تو اسے عام لیا ہے کہ جو شخص بھی متبع ہو وہ آل میں داخل ہے خواہ نسبتاً آل ہو یا نہ ہو مگر میرے خیال میں اتنا عام نہیں بلکہ صرف آل کو عام ہے۔ یعنی اولادِ نسبتی میں متعدد بہ آل وہ ہے جو اتباع کرے یعنی شرف تو صرف اولاد ہونے سے بھی ہوگا لیکن پورا شرف اسی وقت ہوگا کہ جب اتباع ہو۔

(ضرورت الاعتناء بالدین صـ۹)

۸۴۔ نوشادر لعاب کلب کی سمیّت کا دافع ہے

فرمایا: ایک ڈاکٹر نے کہا ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد دیکھا کہ اگر کتّا برتن کو چاٹ جائے تو اس کو سات مرتبہ دھو ڈالو۔ ان سات دفعہ میں ایک مرتبہ مٹی سے بھی دھوؤ۔ اس میں مجھے خیال ہوا کہ مٹی کو دھونے کے لئے کیوں فرمایا؟ کیا سات مرتبہ پانی سے دھونا کافی نہ تھا۔ آخر بہت دنوں کی چھان بین اور تلاش کے بعد معلوم ہوا کہ مٹی میں ایک جزو نوشادر کا بھی ہے اور نوشادر لعابِ کلب کی سمیت کا دافع ہے مگر یہ ہر جگہ میسّر نہیں اس لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی چیز یعنی مٹی ارشاد فرمائی جو ہر جگہ بآسانی دستیاب ہو سکتی ہے۔

(ضرورت العلم بالدین صـ۳۴)

---

[1] مثلاً آپؐ نے قبا پہنی جس میں سونے کی بگڈنڈیاں تھیں کوئی نہیں کہتا کہ یہ سنّت ہے محض جواز کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا۔